(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلقَطرَۃُ مِن بِحارِ مَناقِبِ النَّبی وَالعِترَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... 200/= روپے

اختیارِ امامؑ

(۴۳۲/۱۷) کلینیؒ "کتاب کافی میں حضرت موسیٰؑ بن جعفرؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا:

ان اللہ غضب علی الشیعۃ فخیرنی نفسی اوھم فوقیتھم واللہ بنفسی

"بے شک خدا شیعوں کے گناہوں کی وجہ سے ان پر غضبناک ہوگیا، اور مجھے اختیار دیا کہ میں ان کے بدلے میں عقوبت تحمل کروں یا وہ خود عقوبت برداشت کریں خدا کی قسم میں نے عقوبت وسزا کو اپنی جان پر برداشت کرلیا اور شیعوں کو بچالیا" (الکافی:۱/۲۶۰ حدیث ۵، مدینۃ المعاجز:۶/۳۷۹ حدیث ۱۲۴)

مؤلف فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ بن جعفرؑ کے اس فرمان کی تائید اس آیت کی تفسیر کرتی ہے جس میں خدا فرماتا ہے:

لِیَغفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِکَ. (سورہ فتح: آیت ۲)

"تاکہ خدا تیرے ان گناہوں کو معاف کردے جو تجھ سے سرزد ہوئے ہیں"

فرماتے ہیں جو گناہ سرزد ہوئے ہیں ان سے مراد امت کے گناہ ہیں۔

(تفسیر برہان:۴/۱۹۵)

آئمہ طاہرین نے کچھ اعمال اپنے شیعوں کی طرف سے کوتاہیوں اور خامیوں کے بدلے میں انجام دیئے ہیں خدا خیر کرے اس شاعر کی جو کہتا ہے۔

اِذَا ذَرَّ اَکسِیرُ المُحَبَّۃِ فَوقَ مَا

جناہ اِستَحَالَ الذَّنبُ اَیَّ اِستِحَالَۃٍ

"جب محبت کی کیمیا کا غبار گناہوں پر بیٹھ گیا تو گناہوں کی حالت تبدیل ہو جائے گی اور مکمل طور پر محو ہو جائیں گے"